دستخط نگران کار

Booklet Serial No. 0256

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو) انٹرنس ٹسٹ۔ 2023

## PhD (Urdu) Entrance Test - 2023

**Question paper cum Answer script** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use


# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

## PhD (Urdu) Entrance Test - 2023

**Question paper cum Answer script** پرچہ سوالات مع جوابی بیاض


### اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچہ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔ حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔

## حصہ اول (Part - A)

### تحقیق کے طریقہ کار Section-I (Research Methodology)

1- ''عمادالتحقیق'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) گیان چند جین (B) تنویر احمد علوی

(C) سید کلب عابد (D) مالک رام

2- ''تذکرہ ریختہ گویان'' کے مرتب کون ہیں؟

(A) رشید حسن خاں (B) عبدالحق

(C) غلام رسول مہر (D) قاضی عبدالودود

3- مخطوطے کے آخر میں کاتب کی اختتامیہ عبارت کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مسودہ (B) بیاض

(C) تحمہ (D) ترقیمہ

4- کسی دوسرے کی تخلیق کو اپنا بنا کر پیش کرنے کو کہتے ہیں؟

(A) انتحال (B) انتقال

(C) انفعال (D) انضمام

5- کس پر متن کا اطلاق نہیں ہوتا۔

(A) سنگی کتبہ (B) حافظے میں محفوظ روایت

(C) کاغذ پر لکھی ہوئی تحریر (D) جانوروں کے کھال پر لکھی گئی عبارت

6- کسی کے قول یا اقتباس کا حوالہ دینے کے لیے سب سے پہلے کس کا اندراج کرنا چاہیے؟

(A) مصنف کا نام (B) سنِ اشاعت

(C) ناشر کا نام (D) کتاب کا نام

7- کس نے ''دیوانِ خیدری'' کو برٹش لائبریری لندن سے حاصل کر کے شائع کیا؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) عبادت بریلوی (D) صدیق الرحمٰن قدوائی

8- فارسی داستان ''بہار دانش'' کے اردو ترجمہ ''گلزار دانش'' کو 1973 میں کوپن ہیگن یونیورسٹی، ڈنمارک سے حاصل کر کے کس نے شائع کیا؟

(A) رشید حسن خاں (B) نثار احمد فاروقی

(C) خواجہ احمد فاروقی (D) عبادت بریلوی

9- مہدی واصف کا تعلق کس کالج سے تھا؟

(A) فورٹ ولیم کالج (B) سینٹ جارج کالج

(C) دہلی کالج (D) لاہور اورینٹل کالج

10- تحقیق کے لیے کس چیز کو فوقیت دینی چاہیے؟

(A) شک (B) شاید

(C) یقین (D) عقیدت

11- ''آثار الصنادید'' کا فرانسیسی ترجمہ کس نے کیا؟

(A) کیپٹن گرین آوے (B) ڈاکٹر اشپرنگر

(C) گارساں دتاسی (D) مسٹر فلیکس بترو

12- کس محقق نے کہا تھا کہ ''بکٹ کہانی'' کی زبان عہد اکبری کی کھڑی بولی کا وہ روپ ہے جو دہلی اور اس کے گردنواح میں رائج تھی۔''؟

(A) محی الدین قادری زور (B) ڈاکٹر مسعود حسین خاں

(C) مولوی عبدالحق (D) سید سلیمان ندوی

13- ''مرقع سخن'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) ڈپٹی نذیر احمد

(C) محی الدین قادری زور (D) شمس اللہ قادری

14- دہلی اور لکھنؤ کے دبستان کی بنیاد کس چیز پر ہے؟

(A) معنی اور بلاغت (B) مذہب اور سیاست

(C) بادشاہ اور نواب (D) زبان اور محاورے

15- اہل لکھنؤ سے دہلی کے کس شاعر نے کہا تھا کہ میرے کلام کی سند کے لیے فقط محاورۂ اہل اردو ہے یا جامع مسجد کی سیڑھیاں۔

(A) میر حسن (B) میر تقی میر

(C) میر درد (D) مرزا محمد رفیع سودا

16- اردو کی پہلی داستان ''سب رس'' کو کس نے دریافت کیا؟

(A) مولوی عبدالحق (B) محی الدین قادری زور

(C) نصیر الدین ہاشمی (D) گیان چند جین

17- ''تصحیح و تحقیق متن'' کس کے خطبات کا مجموعہ ہے؟

(A) پروفیسر عبدالستار دلوی (B) پروفیسر گوپی چند نارنگ

(C) پروفیسر محمد حسن (D) پروفیسر نذیر احمد

18- شمالی ہند کی پہلی نثری داستان کون سی ہے؟

(A) باغ و بہار (B) نوطرز مرصع

(C) قصہ مہر افروز و دلبر (D) داستان امیر حمزہ

19۔ ''گلشن ہند'' کا واحد نسخہ حیدر آباد میں موسیٰ ندی کے سیلاب میں عبداللہ خاں کے ہاتھ لگا۔ اس تذکرہ کو 1906 میں اپنے مقدمے کے ساتھ کس نے شائع کیا؟

(A) امجد حیدر آبادی　　(B) مولوی عبدالحق

(C) فرحت اللہ بیگ　　(D) نصیر الدین ہاشمی

20۔ ''دیوان فائز'' کے پہلے مرتب کون ہیں؟

(A) مسعود حسن رضوی ادیب　　(B) عبدالحق

(C) رشید حسن خاں　　(D) امتیاز علی عرشی

21۔ کس شاعر نے ''دیوان زادہ'' کے نام سے اپنا ضخیم انتخاب مرتب کیا؟

(A) سعادت یار خان رنگین　　(B) خواجہ میر درد

(C) مرزا مظہر جان جاناں　　(D) شیخ ظہور الدین شاہ حاتم

22۔ صدیق الرحمٰن قدوائی کے علاوہ ماسٹر رام چندر پر کس نے کتاب لکھی؟

(A) رفیعہ سلطانہ　　(B) زینت ساجدہ

(C) سیدہ جعفر　　(D) فاطمہ پروین

23۔ ڈپٹی نذیر احمد نے اپنی کتاب ''الحقوق والفرائض'' پر کس سے تبصرہ کرایا تھا؟

(A) سرسید　　(B) ابوالکلام آزاد

(C) حالی　　(D) شبلی

24۔ ''غبار خاطر'' کو پہلی مرتبہ کس نے مرتب کر کے شائع کیا؟

(A) محمد اجمل خاں　　(B) ہمایوں کبیر

(C) مالک رام　　(D) عبدالحق

25۔ ''تبرکات آزاد'' کو کس نے مرتب کیا ہے؟

(A) نواب صدر یار جنگ　　(B) حبیب الرحمٰن خان شیروانی

(C) غلام رسول مہر　　(D) مالک رام

## Section -II (Concerned Subject)

26- کس شاعر نے اپنی مثنوی میں 39 صنعتوں کے استعمال کا دعویٰ کرتے ہوئے یہ شعر کہا تھا۔۔۔۔

ہنر کوئی نہ دکھائی سود کھایا　　صنائع ایک کم چالیس لایا

(A) نصرتی　　(B) غواصی
(C) وجہی　　(D) ابن نشاطی

27- سب رس میں آب حیات کی تلاش میں کون نکلتا ہے؟

(A) عقل　　(B) نظر
(C) قامت　　(D) غیر

28- ذیل میں آریائی زبان کا پہلا مستند نقش کسے مانا جاتا ہے؟

(A) رگ وید　　(B) اتھروید
(C) یجروید　　(D) سام وید

29- معنیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(A) آواز　　(B) لفظ
(C) جملہ　　(D) معنی

30- محبت میں علی کی دیکھ تا جی
ہوا ہے دل مرا اب حیدر آباد
ایہام کے اس شعر میں کون سا لفظ ایہام کا ہے؟

(A) محبت　　(B) علی
(C) دل　　(D) حیدر آباد

31- ''ورنا کلر ٹرانسلیشن سوسائٹی'' کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟

(A) جوزف ہنری ٹیلر　　(B) مسٹر فلیکس بترو
(C) ڈاکٹر الواس اشپرنگر　　(D) جان گلکرسٹ

32- ''شعر العجم'' کی کس جلد میں شبلی نے تخیل اور محاکات کی بات کی ہے؟

(A) اول　　(B) دوم
(C) سوم　　(D) چہارم

33- ''ہیئتی تنقید'' کا اساسی پہلو کیا ہے؟

(A) ادب اور زندگی　　(B) ادب کی ادبیت
(C) تحلیل نفسی　　(D) افادیت پسندی

34- "افسانہ شاعری سے کمتر ہے کیوں کہ افسانہ اتنی گہرائی اور باریکی کا متحمل نہیں ہوسکتا جو شاعری کا وصف ہے۔" یہ خیالات کس نقاد کے ہیں؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) کلیم الدین احمد

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) شکیل الرحمٰن

35- داستانوں کا، مطالعہ کس لیے اہم ہے؟

(A) یہ غیرافادی تحریریں ہیں

(B) یہ ادب، معاشرت اور تہذیب کے مطالعہ کا سرمایہ ہیں۔

(C) یہ صرف بادشاہوں، جنوں، شہزادوں اور پریوں کی مافوق الفطرت کہانیاں ہیں

(D) اس کے مطالعہ سے مہمات کو سر کرنے کا عزم پیدا ہوتا ہے

36- کون سی داستان اردو کی طبع زاد داستان ہے؟

(A) سب رس (B) فسانۂ عجائب

(C) کلیلہ و دمنہ (D) باغ و بہار

37- درج ذیل میں سے کون ناول کی تکنیک نہیں ہے؟

(A) خواب (B) فلیش بیک

(C) شعور کی رو (D) قصہ گوئی

38- درج ذیل میں سے کس نے اپنے ناولوں کے عنوانات مصرعوں سے اخذ کیے ہیں؟

(A) پریم چند (B) عصمت چغتائی

(C) مرزا ہادی رسوا (D) قرۃ العین حیدر

39- "طوفانی میاں" کس افسانہ کا کردار ہے۔

(A) بابالوگ (B) الاؤ

(C) فقیروں کی پہاڑی (D) دخمہ

40- "پریم چند کی کہانی کا 'ہوری' اتنا بوڑھا ہو چکا تھا کہ اس کی پلکوں اور بھوؤں تک کے بال سفید ہوگئے تھے کمر میں خم پڑ گیا تھا۔" یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(A) ایک لڑکی (B) بجوکا

(C) بابالوگ (D) تماشا گھر

41- ایمرجنسی کے پس منظر میں لکھا گیا ڈراما کون سا ہے؟

(A) ضحاک (B) کہرے کا چاند

(C) معمار اعظم (D) اندھیرا اجالا

42۔ سوانح نگاری کے لیے کیا چیز ضروری نہیں ہے؟

(A) حسن ترتیب (B) منصفانہ انداز

(C) جانبداری اور عقیدت مندی (D) زندگی سے واقفیت

43۔ "نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم" یہ کس کی خودنوشت ہے؟

(A) عبدالماجد دریابادی (B) ادا جعفری

(C) شارب ردولوی (D) اختر الایمان

44۔ "نام دیو مالی" کس شہر کا مالی تھا؟

(A) عثمان آباد (B) حیدرآباد

(C) احمد آباد (D) اورنگ آباد

45۔ موسیو تھونیو نے سفرنامۂ دکن کس زبان میں لکھا ہے؟

(A) جرمن (B) فرانسیسی

(C) انگریزی (D) پرتگالی

46۔ "جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے" یہ مصرعہ کس صنف سخن سے متعلق ہے؟

(A) مثنوی (B) غزل

(C) قصیدہ (D) مرثیہ

47۔ علامہ اقبال کی مشہور نظم "اسرار خودی" کا انگریزی ترجمہ کر کے پہلی مرتبہ دنیا سے متعارف کرانے والے کون تھے؟

(A) میر حسن (B) علامہ شبلی

(C) میتھو آرنلڈ (D) نکلسن

48۔ شوکت تھانوی کا اصل نام کیا ہے۔

(A) محمد عمر (B) محمد صدیق

(C) محمد صادق (D) محمد قمر

49۔ اخبار کی سرخیوں کے اقسام میں شامل نہیں ہے؟

(A) کراس لائن (B) ڈراپ لائن

(C) اسٹریٹ لائن (D) ہینگنگ انڈینٹشن

50۔ "گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے" درج ذیل میں سے کس کا مضمون ہے؟

(A) محمد حسن عسکری (B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) قمر رئیس (D) خلیق انجم

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

(4 X 5 = 20 marks)

چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

### (Research Methodology)

1۔ اردو تحقیق کی روایت کا جائزہ لیجیے؟

2۔ تحقیق کے لیے کسی موضوع پر خاکہ (Synopsis) کیسے تیار کیا جاتا ہے؟ نمونہ پیش کیجیے۔

### (Subject Concerned)

3۔ مرثیہ کسے کہتے ہیں؟ اس کے اجزائے ترکیبی کی نشاندہی کیجیے۔

4۔ ژاک دریدا کے نظریہ ردتشکیل (Deconstruction) پر ایک نوٹ لکھیے۔

☆☆☆